Tarjuma Tul Quran Majeed - FA Part 1 Tarjmatul Quran Chapter 9 Short Questions Test

Q1. غزوہ تبوک سے کیا نتائج حاصل ہوئے؟

Ans 1: غزوہ تبوک کے لیے مسلمانوں کی جنگی مہم جوئی نے اسلامی دعوت کو بہت قوت پہنچائی - مسلمانوں کا عزم اور ہمت دیکھ کر کافروں کے حوصلے پست ہوگئے- یہ دیکھ کر روم کا بادشاہ ہر قل بہت مرعوب ہوا- ایلہ کے رئیس یوھنا نے جزیہ دینا قبول کیا.-تمام حاکموں نے جزیہ دینے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین کے زیر سایہ رہنے پر آمادگی ظاہر کی- یہ مسلمانوں کی بہت بڑی فتح تھی.

Q2. سورہ البقرہ کس زبان کا لفظ ہے اس کے معنی کیا ہے.

Ans 1: سورہ البقرہ عربی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی گائے ہے.

Q3. سورۃ ال عمران کب اور کہاں پیش آیا-

Ans 1: سورۃ ال عمران مدینے میں 9 ہجری کو نجران کے وفد کی آمد پر پیش آیا.

Q4. حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ کا نام کیا تھا.

Ans 1: حضرت مریم علیہ السلام حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ تھیں-

---

Q5. سورۃ البقرہ کے مطالعے کے دو علمی اور عملی نکات تحریر کریں-

Ans 1: ایمان کا اظہار عمل س ہوتا ہے جس میں اولین عمل نماز ادا کرنا ہے. 2- اللہ تعالی کے حکم کی خلاف ورزی اور تکبر کرنا شیطانی طرز عمل ہے -1.

Q6. غزوہ تبوک میں مسلمانوں کا مقابلہ کس سے تھا؟

Ans 1: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نے اعلان جہاد فرمایا . صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہ کو حکم دیا کہ ملک شام جاکر قیصر روم کی افواج سے مقابلہ کیا غزوہ تبوک میں حضور اکرم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم اگر یہ اقدام نہ فرماتے تو اسے اسلام اور مسلمانوں کی کمزوری سمجھا جاتا- منافقین نے مسلمانوں کو بددل کرنے کی بھرپور کوشش کی لیکن وہ اپنے اس مذموم ارادے مین کامیاب نہ ہوسکے.

Q7. لفظ کے معنی تحریر کریں- الحی - سنۃ - بین ایدیھم - لایحیطون - الربوا- و ان تبدوا- کل

Ans 1: الحی - زندہ - سنتہ - اونگھ - بین ایدیھم- ان کے سامنے - لایحیطون- وہ احاطہ نہیں کرسکتے- الربوا- سود و ان تبدوا- اور اگر تم ظاہر کرو- کل - سب کے سب

Q8. سورۃ التوبہ میں کل کتنی آیات ہیں

Ans 1: سورۃ التوبہ میں کل ایک سو انتیس آیات ہیں

Q9. سورہ ال عمران قرآن مجید کی ترتیب کے لحاظ سے کون سی سورت ہے.

Ans 1: سورہ ال عمران قرآن مجید کی ترتیب کے اعتبار سے تیسری سورت ہے.

Q10. اللہ تعالیٰ نےسورۃ الانفال کو کب نازل فرمایا.

Ans 1: غزوہ بدر کے بعد جب صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہ کی طرف سے مال غنیمت کی تقسیم کے معاملے پر سوال آیا تو اللہ تعالی نے سورۃ الانفال کا نازل فرمایا- اس سورت میں حکم دیا گیا ہے کہ مال غنیمت کو نبی کریم صلی اللہ تعالی عنہ خاتم النبین کے سپرد کردیا جائے. پھر اللہ تعالی کے حکم کے مطابق آپ خاتم النبین صلی اللہ تعالی عنہ نے غزوہ بدر کے مجاہدین میں مال غنیمت کو تقسیم فرمادیا.